# منیجمنٹ سافٹ وئیر

برائے

## رئیل اسٹیٹ میگا پراجیکٹس

پلاٹس، انسٹالمنٹ، کمیشن، ترقیاتی اخراجات منیجر، مکمل اور آسان اکاؤنٹس، SMS الرٹ سسٹم

## جنرل اکاؤنٹس و انوینٹری

سیلز، پرچیز، کیش بک، جنرل، لیجرز، ٹرائل بیلنس، بیلنس شیٹ، نفع و نقصان رپورٹس، SMS الرٹ سسٹم

## سکول و کالج

سٹوڈنٹس بائیوڈیٹا، فیس، امتحانات، حاضری، ٹرانسپورٹ، مکمل اور آسان اکاؤنٹس، SMS الرٹ سسٹم

## بُکسیلرز اینڈ اسٹیشنری

سیلز، پرچیز، کیش بک، جنرل، لیجرز، ٹرائل بیلنس، بیلنس شیٹ، نفع و نقصان رپورٹس، SMS الرٹ سسٹم

**احباب: آئی ٹی سلوشنز پرووائڈر**

شان پلازہ سکندر پورہ چوک جی ٹی روڈ پشاور سٹی

فون: +92-91-2600168
موبائل: +92-345-4141131
ای میل: info@ahbabenterprises.net
ویب سائٹ: www.ahbabenterprises.net

# النور جیولرز

## زیورات کی دُنیا میں انقلابی فوائد کے ساتھ

- ہمارے ہاں زیورات بغیر ٹانکہ کے جدید طریقے سے تیار کیے جاتے ہیں۔
- ہمارے تیار کردہ زیورات کی واپسی پر کاٹ نہیں لی جاتی لہٰذا ہمارے زیورات آپ کا محفوظ سرمایہ ہیں جنھیں آپ کسی بھی وقت کیش کرا سکتے ہیں۔

یہی وجہ ہے کہ لوگوں نے ہمیں اپنے بھرپور اعتماد سے نوازا ہے

ہمارا معیار ہی ہماری کامیابی کی ضمانت ہے

امید ہے کہ نہ صرف آپ ہمیں خدمت کا موقع دیں گے بلکہ اپنے عزیز و اقارب کو بھی ان فوائد سے آگاہ کریں گے

○ دکان نمبر F/461 نزد لاجواب فروٹ چاٹ صرافہ بازار (بھابڑا بازار) راولپنڈی
فون: 051-5539378۔ محمد فیض اللہ چوہان موبائل: 0321-5539378 ندیم اللہ چوہان موبائل: 0321-5008387

○ نیو برانچ: سوق ادریس علی پلازہ مری روڈ راولپنڈی
فون: 051-5552209۔ محمد اکرام اللہ چوہان موبائل: 0300-5806700 ضیاء اللہ چوہان موبائل: 0300-5802209

# کتاب نما

**حیاتِ سرورِ کائنات**، ملّا واحدی دھلوی۔ ناشر: نشریات، ۴۰-اُردو بازار، لاہور۔ فون: ۴۵۸۹۴۱۹-۰۳۲۱۔ صفحات: ۸۲۲۔ قیمت: ۴۷۵ روپے۔

سیرتِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم پر اولین کتاب: مغازیِ رسول اللہ ہے جسے حضرت عروہ بن زبیرؓ (م: ۹۴ھ) نے لکھا۔ سیرتِ نبویؐ کا ذخیرہ آج دنیا میں کم و بیش ۱۰۰ زبانوں میں ہزاروں کتب و تراجم کی شکل میں دستیاب ہے۔ اُردو زبان میں ذخیرۂ سیرت ۳ہزار سے متجاوز نظم و نثر کی چھوٹی بڑی مطبوعات کی صورت میں موجود ہے۔ یہ سلسلہ مزید آگے بڑھتا نظر آرہا ہے اور حکومت پاکستان کی سرپرستی میں سیرتِ رسولؐ پر کتب پر سیرت اوارڈ سے بھی اس کی مزید حوصلہ افزائی ہورہی ہے۔ پھر مستشرقین نے نبی اکرمؐ کی سیرتِ مبارکہ پر اعتراضات اُٹھائے تو اس کے رد میں کتب سیرت کا ایک سلسلہ موجود ہے۔ اسی طرح بعض غیرمسلموں نے بھی نبی اکرمؐ کی شان میں کتب لکھی ہیں جو اپنی جگہ لائق مطالعہ ہیں۔ غرض سیرتِ رسولؐ کے ذخیرے پر نگاہ ڈالی جائے تو ایک عظیم الشان ذخیرہ ہے جو اہلِ ایمان کا علمی ورثہ ہے اور اسے نئی نسلوں تک سیرتِ رسولؐ کے شایانِ شان اور عصرِ حاضر کے جدید تقاضوں کے پیش نظر منتقل کرنے کی ضرورت ہے۔ نیز یہ میدان اہلِ علم و تحقیق کو غور و فکر کی دعوت بھی دے رہا ہے۔

ذخیرۂ سیرتِ نبویؐ کو محفوظ کرنے اور نئی نسل تک جدید تقاضوں کے پیش نظر منتقل کرنے کی ضرورت کو محسوس کرتے ہوئے ادارہ نشریات نے کتبِ سیرت کی اشاعت کا سلسلہ شروع کیا ہے۔ حیاتِ سرورِ کائنات جو ماضی قریب میں علمی و ادبی حلقے کے ایک معروف نام مُلّا واحدی دہلوی کے قلم سے سامنے آئی، کی اشاعتِ نو اسی غرض سے کی گئی ہے۔

کتاب کی علمی حیثیت اور مقام کے بارے میں پروفیسر عبدالجبار شاکر مرحوم تقریظ میں لکھتے ہیں: ''سیرت النبیؐ کے موضوع پر اُردو میں ہزاروں چھوٹی بڑی کتابیں اور رسائل لکھے گئے